پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

01/12/2021

وزیراعظم رہائشی اسکیم- دیہات کے تحت 2 ارب 9 کروڑ 11 لاکھ کی رقم منظور

-لکھنؤ : یکم دسمبر ۲۰۲۱ء

اتر پردیش حکومت نے وزیراعظم رہائشی اسکیم- دیہات کے تحت رواں مالیاتی سال میں جاری مرکزی جُز کی دوسری قسط کے پہلے جز کی رقم 20911.42 لاکھ روپئے (دوارب نوکروڑ گیارہ لاکھ بیالیس ہزار روپئے) کی رقم منظور کرتے ہوئے کمشنر دیہی ترقیات، اتر پردیش کے اختیار میں رکھے جانے کی ہدایت دی گئی ہے۔

اس ضمن میں پیشگی کارروائی کرتے ہوئے کمشنر دیہی ترقیات محکمہ، اتر پردیش ک و ضروری رہنما ہدایات دے دی گئی ہیں، جس میں کہا گیا ہے کہ منظور کی جا رہی رقم کا استعمال/خرچ منظور رقم کی حدتک ہی کیا جائیگا۔ پہلے کرائے گئے تعمیراتی کاموں کے معیار کے مکمل اطمینان ہونے پر ہی اصل ضرورت کے مطابق پیشگی قسط اور رقم کی نکاسی کی جائیگی۔

اس کے علاوہ امیدواروں کو گرانٹ جاری کرتے وقت کمشنر دیہی ترقیات کے ذریعہ یہ یقینی بنایا جائیگا کہ مذکورہ کام کیلئے امیدوار کو کسی دیگر اسکیم سے گرانٹ حاصل نہ کی گئی ہو۔

☆☆☆☆☆